**07.07.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ...................... ارجمندعلی خان

**Music**

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے برکس کی ایک میٹنگ میں کہا ہے کہ کسی بھی ملک کو اہم معدنیات، تکنیک یا سپلائی نظام کو ہتھیار کے طور پر استعمال نہیں کرنا چاہیے۔ وزیراعظم نے برکس پر زور دیا ہے کہ وہ اجتماعی طور پر AI کے ذمہ دارانہ استعمال کو آگے بڑھائے۔

☆ وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے کہا کہ آپریشن سندور کی کامیابی سے عالمی سطح پر بھارت میں بنائے گئے دفاعی سامان کی مانگ میں اضافہ ہوا ہے۔

☆ سپریم کورٹ میں بہار میں انتخابی کمیشن کی جانب سے ووٹر فہرستوں پر خصوصی نظرثانی کے خلاف درخواستوں کی سماعت جمعرات کو ہوگی۔

☆ موسمیات محکمے نے آج چھتیس گڑھ، مشرقی مدھیہ پردیش، مدھیہ مہاراشٹر اور ودربھ میں انتہائی شدید بارش ہونے کی پیش گوئی کی ہے۔

☆ اور ومبلڈن ٹینس میں: بھارت کے Yuki Bhambri، امریکہ کے اپنے ساتھی کھلاڑی کے ساتھ آج شام مردوں کے ڈبلز کے تیسرے راؤنڈ میں کھیلیں گے۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**PM-CRITICAL MINIERLAS**

وزیر اعظم مودی نے کہا ہے کہ کسی بھی ملک کو اپنے خود کے فائدے کیلئے اہم معدنیات، تکنیک اور سپلائی نظام کو ہتھیار کے طور پر استعمال نہیں کرنا چاہیے۔ Rio de Janeiro میں برکس سربراہ کانفرنس کے دوران ایک رابطہ اجلاس میں جناب مودی نے کہا کہ اہم معدنیات اور ٹکنالوجی میں اور زیادہ اشتراک کے ساتھ ساتھ سپلائی نظام کو محفوظ اور مستحکم بنانے پر توجہ مرکوز کئے جانے کی ضرورت ہے۔

وزیر اعظم نے کہا کہ برکس کے نئے ترقیاتی بینک پروجیکٹوں میں مانگ پر مبنی فیصلہ سازی، طویل مدتی مالی استحکام اور متوازن Credit درجہ بندی پر خاص توجہ دی جانی چاہئے۔ جناب مودی نے کہا کہ 21ویں صدی میں عوام کی پیش رفت اور بہبود کا زیادہ انحصار، تکنیک، خاص طور پر مصنوعی ذہانت پر ہوتا ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ ایک طرف جہاں AI روزمرہ کی زندگی کو بڑی حد تک بہتر بناسکتی ہے، وہیں دوسری طرف یہ جوکھم، اخلاقیات اور جانبداری کے تعلق سے تشویش بھی پیدا کرتی ہے۔

جناب مودی نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ اِس بارے میں بھارت کا رویہ اور پالیسی واضح ہے، کیونکہ وہ AI کو انسانی اقدار اور امکان کو وسعت دینے کے ایک وسیلے کے طور پر دیکھتا ہے۔ وزیر اعظم نے یہ بھی کہا کہ سبھی کے لیے AI کے منتر پر کام کرتے ہوئے آج بھارت مختلف شعبوں میں سرگرمی کے ساتھ بڑے پیمانے پر AI کا استعمال کررہا ہے، جس میں زراعت، صحت، تعلیم اور حکمرانی شامل ہیں۔

**PM-MALAYSIA CUBA BRICS**

وزیراعظم نریندر مودی نے جاری برِکس سربراہ کانفرنس کے موقع پر Rio de Janeiro میں ملیشیا کے اپنے ہم منصب انور ابراہیم اور کیوبا کے صدر Miguel Diaz-Canel Bermudez کے ساتھ باہمی میٹنگیں کیں۔ ملیشیا کے وزیراعظم کے ساتھ جناب مودی نے دفاع، انسداد دہشت گردی، تعلیم، تجارت اور سرمایہ کاری اور ادویات سمیت بھارت ملیشیا جامع کلیدی ساجھیداری کے مختلف شعبوں میں پیش رفت کا جائزہ لیا۔ کیوبا کے صدر کے ساتھ وزیراعظم نے اقتصادی تعاون، بائیو ٹیکنالوجی، آیوروید، روایتی طریقہ علاج اور یو پی آئی سمیت بھارت-کیوبا تعلقات کے مختلف پہلوؤں پر تبادلہ خیال کیا۔×

**MEA-BRICS**

اقتصادی تعلقات کے سکریٹری Dammu Ravi نے کہا ہے کہ دو روزہ BRICS سربراہ کانفرنس، تیزی سے بدلتے ہوئے عالمی حالات و واقعات کے تناظر میں اور زیادہ اہمیت اختیار کر گئی ہے۔ Rio de Janerio میں میڈیا کو جانکاری دیتے ہوئے جناب Ravi نے کہا کہ وزیراعظم نریندر مودی کا دورہ اور بھی زیادہ اہمیت کا حامل ہے کیونکہ بھارت، BRICS کی اگلے سال صدارت سنبھالے گا۔ جناب رَوی نے اس بارے میں بھی مطلع کیا کہ وزیراعظم مودی نے اس بات کو اجاگر کیا ہے کہ BRICS ایک کثیر قطبی دنیا کو سمت عطا کرنے میں ایک اہم رول ادا کرسکتا ہے۔

**S/B Ravi Dammu Multipolar World**

**BRICS SUMMIT TERRORISM**

BRICS ممالک نے پہلگام کے دہشت گردانہ حملے کی سخت مذمت کی ہے اور ہر طرح کی دہشت گردی سے نمٹنے کے

اپنے عزم کا اعادہ کیا ہے، جس میں سرحد پار سے دہشت گردوں کی نقل وحرکت، مالی اعانت اور محفوظ پناگاہیں فراہم کرنا شامل ہے۔ برازیل کے Rio de Janeiro میں جاری سربراہ کانفرنس میں برکس اعلامیۓ میں ممبر ملکوں نے دہشت گردی پر دوہرے معیار کو مسترد کرنے پر زور دیا۔ BRICS سربراہ کانفرنس میں امن وسلامتی سے متعلق اجلاس میں وزیراعظم نریندر مودی نے دہشت گردی کی لعنت کا معاملہ اٹھایا۔ انہوں نے پہلگام کے دہشت گردانہ حملے کی سخت مذمت کرنے اور بھارت کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کرنے کیلئے ممبر ملکوں کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے اُس حملے کو بھارت کی روح، شناخت اور وقار پر سیدھا حملہ قرار دیا۔

انہوں نے مزید کہا کہ یہ نہ صرف بھارت پر بلکہ پوری انسانیت پر حملہ تھا۔ انہوں نے دہشت گردی کو بالکل بھی برداشت نہ کرنے پر زور دیا اور مزید کہا کہ دہشت گردوں کے خلاف پابندیاں نافذ کرنے میں کوئی پس وپیش نہیں ہونا چاہیۓ۔ انہوں نے اس بات کا بھی اعادہ کیا کہ بھارت تنازعات کے حل کیلئے مذاکرات اور سفارتکاری اور عالمی اَمن کی حصولیابی کے موقف کا پابند ہے۔ انہوں نے بھارت میں آئندہ سال BRICS سربراہ کانفرنس کیلئے رہنماؤں کو مدعو کیا۔×

## RAJNATH-DEFENCE ECONOMICS

وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے کہا ہے کہ حالیہ آپریشن سندور کے دوران ملک میں تیار کئے گئے بھارتی سازو سامان نے، جس صلاحیت کا مظاہرہ کیا ہے، اس سے اندرونِ ملک تیار کردہ، اس کے دفاعی سازو سامان کی عالمی مانگ میں اضافہ ہوگیا ہے۔ آج نئی دلّی میں کنٹرولرس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے جناب سنگھ نے اُجاگر کیا کہ بھارتی دفاعی صنعتوں میں بے پناہ صلاحیت موجود ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم نریندر مودی کی زیر قیادت بھارت نے دفاعی شعبے میں تقریباً خود کفالت حاصل کرلی ہے۔ انہوں نے کہا کہ زیادہ تر دفاعی سازو سامان، جو پہلے بیرونی ملکوں سے درآمد کیا جاتا تھا، اب ملک میں ہی تیار کیا جاتا ہے۔

**Byte: Rajnath Singh**

وزیر موصوف نے اس بات پر زور دیا کہ آج کے دور میں دفاعی معیشتیں نئے سِرے سے اپنی دفاعی صلاحیت کو مضبوط کرنے اور اس سے متعلق سرمایہ کاری میں اضافہ کررہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آج بھارت سمیت پوری دنیا اپنی دفاعی صلاحیت کو مضبوط کرنے کے ایک نئے مرحلے سے گزر رہی ہے۔×

## SC-SIR BIHAR

سپریم کورٹ نے اُن درخواستوں کی سماعت کرنے سے اتفاق کرلیا ہے، جن میں بہار میں ووٹر فہرستوں پر خصوصی تفصیلی نظرثانی کے انتخابی کمیشن کے فیصلے کو چیلنج کیا گیا ہے۔ اِس معاملے کی سماعت جمعرات کو ہوگی۔ جسٹس سدھانشو Dhulia اور جسٹس Joymalya Bagchi پر مشتمل ایک بنچ نے ریاست میں ووٹر فہرستوں پر نظرثانی کے چناؤ کمیشن کے فیصلے کے

خلاف اپیلوں کی سماعت کرنے پر رضامندی ظاہر کی۔

ریاست میں ووٹر فہرستوں پر خصوصی تفصیلی نظر ثانی کرنے کے طریقے اور ایسا کرنے کیلئے وقت کے انتخاب کے معاملے پر کمیشن کے اِس قدم کو عدالت عالیہ میں چیلنج کیا گیا ہے۔ عدالت عالیہ میں کئی درخواستیں دائر کی گئی ہیں، جن میں یہ دعویٰ کیا گیا ہے کہ اگر خصوصی تفصیلی نظرثانی کے عمل کو رد نہیں کیا گیا تو اِس سے لاکھوں رائے دہندگان اپنے نمائندوں کا انتخاب کرنے سے محروم ہوجائیں گے اور آزادانہ اور منصفانہ چناؤ میں خلل پڑے گا۔

## RAJNATH-VIKRAM BATRA

آج کیپٹن وکرم بترا کو اُن کی برسی پر خراج عقیدت پیش کیا جارہا ہے۔ وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے 1999 کی کرگل لڑائی کے دوران دی گئی کیپٹن وکرم بترا کی عظیم قربانی کو یاد کیا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب سنگھ نے کہا کہ کرگل لڑائی کے دوران اُن کی بے مثال دلیری اور قربانی ملک کی خدمت میں بہادری کی ایک شاندار مثال ہے۔ کرگل لڑائی کے دوران کیپٹن وکرم بترا نے فوجی اہمیت کے حامل پوائنٹ 5140 کو کامیابی کے ساتھ اپنے کنٹرول میں لینے کیلئے اپنی کمپنی کی قیادت کی تھی۔ اِس کارروائی میں انہوں نے بہادری کے ساتھ لڑتے ہوئے دشمن کے 4 اہلکاروں کو ہلاک کردیا تھا۔

پوائنٹ 4875 پر قبضے کے لیے ایک اور لڑائی میں کیپٹن بترا نے دلیری اور جانبازی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ایک ایسے مشن میں کامیابی حاصل کی، جو قریب قریب ناممکن نظر آرہا تھا۔ حملے کی کمان سنبھالتے ہوئے انہوں نے بہت قریب سے دشمن کے 5 سپاہیوں کو موت کے گھاٹ اتار دیا تھا اور شدید طور پر زخمی ہونے کے باوجود حملہ جاری رکھا۔ کیپٹن وکرم بترا کو پرم ویر چکر سے بعد از مرگ سرفراز کیا گیا تھا۔

## IMD-WEATHER

موسمیات محکمے نے آج چھتیس گڑھ، مشرقی مدھیہ پردیش، مدھیہ مہاراشٹر اور ودربھ میں انتہائی شدید بارش ہونے کی پیش گوئی کی ہے۔ اِدھر شمالی اور شمال مغربی بھارت کے کچھ حصوں نیز مغربی، وسطی اور مشرقی بھارت کے دیگر حصوں میں بھی تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ موسلادھار بارش ہونے کا امکان ہے۔

## HP-WEATHER

ہماچل پردیش کے بیشتر حصوں میں آج صبح تیز بارش کا زور کم ہونے سے لوگوں کو راحت ملی ہے۔ موسمیات محکمے نے آج بھی کئی خطوں میں شدید بارش کے امکان کے مدنظر یلو الرٹ جاری کیا ہے۔ مانسون کی شدید بارش کی وجہ سے کئی دن سے زندگی کے معمولات میں رکاوٹ جاری رہنے کے بعد معمول کے حالات بحال کرنے کیلئے کوششیں جاری ہیں۔ منڈی

ضلع سب سے زیادہ متاثر ہوا ہے۔ وہاں 30 جون کی رات کو بادل پھٹنے کے کوئی 12 واقعات پیش آئے، جس سے 14 اموات ہوئیں۔ 31 افراد اب بھی لاپتہ ہیں۔

اِس کے علاوہ سرکاری اور پرائیویٹ دونوں طرح کی املاک کو کافی نقصان پہنچا ہے۔ منڈی اور دیگر متاثرہ خطوں میں بچاؤ اور امدادی کارروائی زور وشور سے جاری ہے۔ متاثرہ لوگوں تک امدادی سامان پہنچانے کیلئے بھارتی فضائیہ کے ہیلی کاپٹر بھی استعمال کئے جارہے ہیں۔ اِس کے ساتھ ساتھ اُن 200 سے زیادہ سڑکوں پر بحالی کا کام جاری ہے، جو موٹرگاڑیوں کی آمد و رفت کیلئے اب بھی بند ہیں۔ بجلی کے ٹرانسفارمر اور پینے کے پانی کی لائنوں میں رکاوٹ کو بھی جنگی پیمانے پر دور کرنے کا کام جاری ہے۔

## NAGALAND-RAINS

ناگالینڈ میں بارش کی وجہ سے تباہ کاری کا سلسلہ جاری ہے اور کرنٹ لگنے سے کم از کم 3 افراد کی موت ہونے کی اطلاع ملی ہے۔ ختم ہفتہ پر موسلادھار بارش کی وجہ سے کئی نچلے علاقوں میں پانی بھر گیا اور کئی لوگوں کو اپنا گھر بار چھوڑنا پڑا ہے۔ قدرتی آفات کی صورت میں کام کرنے والی ریاستی فورس SDRF کے اہلکار پھنسے ہوئے لوگوں کو بچانے کے لیے کام کررہے ہیں اور انہیں کشتیوں کے ذریعہ محفوظ مقامات پر پہنچایا جارہا ہے۔

بھارتی موسمیات محکمے کے مطابق ناگالینڈ میں پہلے ہی معمول سے 393 فیصد زیادہ بارش ہوچکی ہے۔ ریاست کے کئی ضلعوں میں چٹانوں کے ٹکرے گرنے اور پانی بھرجانے کے واقعات کی اطلاع ملی ہے۔ خراب موسم کی وجہ سے ریاست کے واحد Dimapur ہوائی اڈے پر کل سبھی کمرشل پروازیں منسوخ کردی گئیں۔

## TEXAS-FLOODS TOLL

امریکہ میں Texas میں اچانک تباہ کن سیلاب میں ہلاک ہونے والوں کی تعداد 80 ہوگئی ہے، جس میں 28 بچے بھی شامل ہیں۔ Guadalupe دریا کے نزدیک واقع موسم گرما کے ایک کیمپ کے ایک کاؤنسلر اور 11 لاپتہ لڑکیوں کو ڈھونڈنے کے لیے تلاش کی کارروائی جاری ہے۔ موسلادھار بارش کے بعد دریا کا پانی باہر بہنے لگا تھا۔

## WIMBLEDON-BHAMBRI

لندن میں ومبلڈن ٹینس میں آج بھارت کے Yuki Bhambri، امریکہ کے اپنے ساتھی کھلاڑی Robert Galloway کے ساتھ مل کر مردوں کے ڈبلز کے تیسرے راؤنڈ میں کھیلیں گے۔ Bhambri واحد بھارتی کھلاڑی ہیں جو اب بھی مقابلے میں شامل ہیں۔ اِدھر موجودہ چمپئن Carlos Alcaraz ومبلڈن کے سنگلز زمرے کے کوارٹر فائنل میں پہنچ

گئے ہیں۔ انہوں نے سنسنی خیز انداز سے کھیل میں واپسی کرتے ہوئے چودہویں نمبر کے کھلاڑی **Andrey Rublev** کو شکست دی۔ **Alcaraz** پہلا سیٹ ہار گئے تھے، لیکن بعد میں اپنے خاص انداز کا مظاہرہ کرتے ہوئے وہ یہ میچ چھ سات، چھ تین، چھ چار اور چھ چار سے جیتنے میں کامیاب رہے۔ اُدھر خواتین کے زمرے میں نمبر ایک کھلاڑی **Aryna Sabalenka** اپنا غلبہ برقرار رکھے ہوئے ہیں۔ انہوں نے **Elise Mertens** کو سیدھے سیٹوں میں ہرایا۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆